الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الإفتاء والقضاء

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

MODE: **Regular**

Name : **khalil**
Address : **rawalpindi,pakistan**
Subject : **EID**
Writer : عبد اللہ اسلم

Serial No : **18679**
Date : **2/27/2013**
Contact No:
Email :

Q: Eid Milaad un nabi (PBUH)12 rabee ul awwal ko hum muslim log mannatay hain?jab k 12 rabbi ul awwal ko Nabi (PBUH) ka duniya main zhoor huwa or dar parda b huway? please hum ko bata dain k ye kam karna chahiye k nhi?

عید میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) بارہ (۱۲) ربیع الأول کو ہم مسلم لوگ مناتے ہیں؟ جبکہ بارہ (۱۲) ربیع الأول کو نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا دنیا میں ظہور ہوا اور در پردہ بھی ہوئے؟ پلیز ہم کو بتا دیں کہ یہ کام کرنا چاہیئے کہ نہیں؟

الجواب حامدًا ومصلیًا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وحالات پر مسلمانوں کو مطلع کرنا اسلام کا اہم ترین فرض ہے اور ساری تعلیمات اسلامیہ کا خلاصہ ہے، اگر کوئی مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت، معجزات، غزوات وغیرہ کا ذکر بطور وعظ ودرس بغیر پابندی رسوم کے کرے تو بے شمار برکتوں کا باعث ہوگا مگر اسکو کسی خاص مہینہ، دن، تاریخ اور مخصوص طریقہ کے ساتھ مقید کرنا اور اسی طرز کو ذکر مبارک کیلئے لازم سمجھنا اور جو ایسا نہ کرے اسکو بنظر حقارت دیکھنا اور اسکو مختلف القاب سے نوازنا جیسا کہ مروجہ میلادوں میں ہوتا ہے، ایسے امور ہیں جن کیوجہ سے ایک جائز بلکہ مستحب امر بھی بدعت بن جاتا ہے چہ جائیکہ ایسا امر جسکا قرون ثلاثہ مشہود لہا بالخیر (صحابہ، تابعین، تبع تابعین) سے کوئی ثبوت نہ ہو نیز یہ طریقہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیع اور عمومی فکر کو مخدوش کرنے کے بھی مترادف ہے، اسلئے بارہ (۱۲) ربیع الاول کو عید میلاد النبی ؐ کے نام سے مجالس منعقد کر کے مختلف ناجائز اور غیر ثابت شدہ امور کے ارتکاب کیساتھ خوشی منانے سے احتراز لازم ہے، جبکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا دن بھی ہے۔ واللہ أعلم

کتبہ
عبد اللہ أسلم عفی عنہ وعن والدیہ
دار الإفتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
۱۵ ذی القعدۃ ۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الإفتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۷ ذو القعدہ ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الإفتاء جامعہ بنوریہ
۱۷ ذو القعدہ ۱۴۳۴ھ

دار الإفتاء
۱۸۶۷۹
۲۹-۱۱-۱۴۳۴ھ

نائب رئیس
دار الإفتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

[illegible]
5/10/13